© rasailojaraid.com



# نجم سیٹھی قادیانی ہے، فحش لٹریچر امپورٹ کرتا رہا

**بھٹو دور میں قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا تو سیٹھی نے پاکستان کے خلاف مسلح بغاوت میں حصہ لیا**

**گیارہ مئی کو لاہور میں امریکن قونصل جنرل نے نجم سیٹھی کی حمایت میں جلوس نکالا ("دی نیوز" کی رپورٹ)**

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نجم سیٹھی کا تعلق قادیانی فرقے سے ہے جو ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں غیر مسلم قرار پایا تھا۔ یہ انکشاف جنگ گروپ کے انگریزی روزنامہ "دی نیوز" نے ۱۶ مئی کی اشاعت میں کیا ہے۔ اخبار نے اپنی ایک خصوصی رپورٹ میں لکھا ہے کہ نجم سیٹھی نے بھٹو دور میں پاکستان کے خلاف مسلح بغاوت میں حصہ لیا۔ ضیاء دور میں فحش لٹریچر امپورٹ کرنے پر ان کے خلاف مقدمہ قائم ہوا لیکن ان کی اہلیہ جگنو کی خالہ زاد بہن سید عابدہ حسین نے یہ مقدمہ ختم کروایا۔ گیارہ مئی کو لاہور میں نجم سیٹھی کی حمایت میں نکالے جانے والے جلوس میں امریکی قونصلیٹ اور امریکن سینٹر کے ڈائریکٹر نے بھی شرکت کی۔ پاکستان میں امریکہ کے سفیر ولیم بی مائیلم یہ دھمکی دے چکے ہیں کہ اگر نجم سیٹھی کو رہا نہ کیا گیا تو صدر کلنٹن اپنا دورہ پاکستان ملتوی کر سکتے ہیں۔ "دی نیوز" کی اس رپورٹ سے تاثر ملتا ہے کہ بھٹو دور میں بلوچستان میں مسلح بغاوت کو قادیانیوں کی خفیہ حمایت حاصل تھی اس لیے امریکہ آج بھی نجم سیٹھی کی حمایت کر رہا ہے۔

## فرائی ڈے ٹائمز کا ایڈیٹر خالد احمد بھی قادیانی ہے

اسلام آباد (خصوصی نامہ نگار) معلوم ہوا ہے کہ فرائی ڈے ٹائمز کا ایڈیٹر خالد احمد بھی قادیانی ہے۔ خالد احمد بھٹو دور میں وزارت خارجہ میں تھا۔ لیکن ذوالفقار علی بھٹو کے حکم پر اسے فارغ کیا گیا تھا۔ وہ پاکستان انڈیا پیپلز فورم کا سرگرم رکن ہے۔ یاد رہے کہ نجم سیٹھی فرائی ڈے ٹائمز کا چیف ایڈیٹر ہے۔

(روزنامہ اوصاف، اسلام آباد ۱۷، مئی ۱۹۹۹ء)


دوبارہ شائع ہو گئی ہیں

مرزا قادیانی کے پچاس جھوٹ

(ابو عبیدہ نظام الدین) =/۱۰

قادیانیت شکن

(محمد طاہر رزاق) =/۷۵ روپے

قادیانی اسلام کے غدار (انگریزی)

(علامہ اقبال) =/۱۰ روپے

بخاری اکیڈمی: دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان فون: 061-511961


© rasailojaraid.com